نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

جنوبی پنجاب میں 45 لاکھ 54 ہزار ایکڑ پر کپاس کی کاشت جاری ہے جو مجموعی ہدف کا 91 فیصد ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور05 مئی 2023:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب میں 45لاکھ 54 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت جاری ہے جو صوبہ پنجاب کے مجموعی ہدف کا 91فیصد ہے۔کپاس کی بوائی کے ہدف کے حصول میں ضلعی انتظامیہ بھی تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔وہ آج کمشنر ہاؤس ملتان میں کپاس کی کاشت کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں کمشنر ملتان ڈویژن عامر خٹک، ڈپٹی کمشنر ملتان عمر جہانگیر، ڈپٹی کمشنر خانیوال، ڈپٹی کمشنر وہاڑی، ڈپٹی کمشنر لودھراں ،سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل ،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) جنوبی پنجاب امتیاز احمد وڑائچ، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) رانا فقیر احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات ،ملتان ڈویژن کے ڈائریکٹرز و ڈپٹی ڈائریکٹرز زراعت و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کے زیر کاشت رقبہ اور پیداواری ہدف کے حصول کے لئے تمام اداروں کو قومی جذبہ کے تحت ذمہ داری پوری کرنا ہوگی۔انھوں نے مزید کہا کہ امسال ملتان ڈویژن میں 12 لاکھ 69 ہزار ایکڑ، بہاولپور ڈویژن میں 23لاکھ 14 ہزار اور ڈی جی خان میں 9لاکھ 71 ہزار ایکڑ رقبہ کپاس کے زیر کاشت لایا جا رہا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ کاٹن سیزن کے دوران محکمہ زراعت جنوبی پنجاب کا فیلڈ عملہ کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لئے کاشتکاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہا ہے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ اب تک ملتان ڈویژن میں 5لاکھ 33 ہزار زائد رقبہ پر کپاس کاشت کی جا چکی ہے۔انھوں نے کہا کہ کپاس کی بوائی کے ہدف کے حصول میں کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کپاس کے سیزن کے دوران معیاری زرعی مداخل کی مارکیٹ میں دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور کاٹن زون کے ہر ضلع میں کھاد، بیج اور زرعی ادویات کے ڈیلرز سے متعلق معلومات کا ریکارڈ تیار کرنے کی بھی ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے ضلعی سطح پر کپاس کیلئے قائم سہولت مراکز کی تعداد کو بڑھانے کی تجویز دی جس سے سیکرٹری زراعت پنجاب نے اتفاق کرتے ہوئے متعلقہ فارمیشنز کو احکامات جاری کئے اور اس کے ساتھ محکمہ زراعت کے عملہ کو مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں بھی سونپی گئی ہیں۔

☆☆☆☆